**30.01.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........... اسلم بیگ

**Music**

---

☆ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس سے پہلے نئی دلّی میں ایک کُل پارٹی میٹنگ جاری ہے۔

☆ انتخابی کمیشن نے عام آدمی پارٹی کے کنوینر اروند کیجریوال کو ہدایت دی ہے کہ وہ یمنا ندی کو زہر آلود کئے جانے کے ، اُن کے الزامات پر جاری کئے گئے نوٹس کا جامع اور مختصر جواب دیں۔

☆ ملک میں آج مہاتما گاندھی کی 77ویں برسی پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ صدرِ جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیر اعظم نے نئی دلّی میں راج گھاٹ پر گلہائے عقیدت نذر کئے۔

☆ امریکہ میں، ایک مسافر بردار طیارے اور فوجی ہیلی کاپٹر کے، فضاء میں ہی ٹکرا جانے سے کم سے کم 18 افراد ہلاک ہوگئے۔ یہ طیارہ واشنگٹن ڈی سی کے قریب دریا میں جا گرا۔

☆ اور : تھائی لینڈ ماسٹرس بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں بھارت کے کدامبی سری کانت ، بینکاک میں مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں داخل ہوگئے ہیں۔

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**GOVT.ALL PARTY MEETING**

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس سے پہلے آج نئی دلّی میں سبھی پارٹیوں کی میٹنگ جاری ہے۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، صحت کے محکمے کے وزیر جے پی نڈا، پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو، کانگریس ایم پی جے رام رمیش اور گورو گگوئی، TMC کے رکن پارلیمنٹ سدیپ بندواپادھیائے، سماج وادی پارٹی کے رام گوپال یادو اور DMK کے رکن پارلیمنٹ ٹی آر بالو کے علاوہ دیگر شخصیات اس میٹنگ میں شرکت کررہی ہیں۔ میٹنگ کے دوران حکومت پارلیمنٹ اجلاس کو خوش اسلوبی سے چلانے کیلئے سبھی پارٹیوں سے تعاون حاصل کرنے کی کوشش کرے گی۔×

**MUST ANNAOUNCEMENT**

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس کل سے شروع ہورہا ہے۔ اِس موقع پر آج آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ ''پارلیمنٹ کے پیشِ نظر معاملات'' کے موضوع پر ایک خصوصی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ پروگرام ہندی میں آکاشوانی گولڈ اور اضافی میٹروں پر 100 اعشاریہ ایک میگا ہرٹز پر آج رات ساڑھے نو بجے سے سنا جاسکے گا۔ انگریزی میں یہ پروگرام اِسی وقت پر 102 اعشاریہ چھ میگاہرٹز پر آکاشوانی ریئنبو اور اضافی میٹروں پر سنا جاسکے گا۔ یہ پروگرام ہمارے یو ٹیوب چینل نیوز آن اے آئی آر آفیشیل پر بھی دستیاب رہے گا۔ x

**ECI-KEJRIWAL**

آج انتخابی کمیشن نے عام آدمی پارٹی کے کنوینر اروند کجریوال کو ہدایت دی ہے کہ وہ دریائے جمنا کو زہر آلود کرنے کے، اپنے الزامات سے متعلق انتخابی کمیشن کے نوٹس کا کل صبح تک ایک مخصوص اور واضح جواب داخل کریں۔ انتخابی کمیشن نے جناب کجریوال کو اپنے خط میں کہا ہے کہ امونیا کی بڑھتی ہوئی سطح کے جاری، دیرینہ اور قانونی طور پر حکومت کی جانب سے کنٹرول کئے جانے والے معاملے کا ذکر کئے بغیر اپنا جواب داخل کریں۔ کمیشن نے یہ جاننا چاہا ہے کہ دریا میں ہریانہ حکومت کی جانب سے کس طرح کا زہر ملایا گیا، جس سے نسل کُشی ہوسکتی تھی اور اُس نے اِس کی مقدار سے متعلق شواہد، زہر کا پتہ لگانے کا طریقہ کار بھی معلوم کیا ہے۔ کمیشن نے اُس مقام کے بارے میں بھی معلوم کیا ہے کہ جہاں مبینہ طور پر زہر کا پتہ لگا، دلّی جل بورڈ کے کون سے انجینئر نے اس کا پتہ لگایا اور انہوں نے کیا طریقہ کار اختیار کیا۔ کمیشن نے اپنے نوٹس پر، ان کے جواب پر غور کرتے ہوئے یہ کہا ہے کہ جناب کجریوال BJP کی قیادت والی ہریانہ حکومت کی جانب سے دریائے جمنا کو زہر آلود کرنے کے اپنے بیان پر مکمل خاموشی اختیار کئے ہوئے ہیں۔x

**KEJRIWAL-BJP**

عام آدمی پارٹی نے آج BJP کی قیادت والی ہریانہ حکومت پر دریائے جمنا میں امونیا کی سطح کے معاملے پر سیاست کرنے کا الزام لگایا ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے پارٹی کے قومی کنوینر اروند کجریوال نے الزام لگایا کہ دلّی کی وزیراعلیٰ آتشی کی جانب سے دریا میں بڑھتی ہوئی امونیا کی سطح کے بارے میں جناب نائب سنگھ سینی سے درخواست کئے جانے کے باوجود ہریانہ کے وزیراعلیٰ کی جانب سے کوئی قدم نہیں اٹھایا گیا۔ اس دوران آج پارٹی نے پانچ فروری کے دلّی اسمبلی انتخابات سے پہلے سروِنٹ اور عملے کیلئے 7 گارنٹیوں کا اعلان کیا ہے۔ جناب کجریوال نے کام متعین کرنے کیلئے سروِنٹ رجسٹریشن پوٹل قائم کرنے کا وعدہ کیا ہے۔x

**NADDA-YAMUNA**

BJP صدر اور صحت کے مرکزی وزیر جے پی نڈا نے عام آدمی پارٹی پر یہ الزام لگاتے ہوئے نکتہ چینی کی ہے کہ وہ دلّی کے باشندوں سے جھوٹے وعدے کررہی ہے اور یمنا کے معاملے پر لوگوں کو گمراہ کررہی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ کا جواب دیتے ہوئے، جناب نڈا نے الزام لگایا کہ عام آدمی پارٹی کی قیادت والی دلّی سرکار یمنا کے حالات پر کوئی کارروائی کرنے کے بجائے سیاسی پارٹیوں کے تئیں عوام میں اندیشے پیدا کررہی ہے۔ x

**GANDHI-SARVA DHARMA PRAYER**

ملک آج بابائے قوم مہاتما گاندھی کو ، اُن کی 77 ویں برسی اور شہادت کے دن پر خراجِ عقیدت پیش کر رہا ہے۔ اس موقع پر آج صبح نئی دلّی میں راج گھاٹ میں گاندھی سمادھی پر سبھی مذہبوں کا دعائیہ جلسہ منعقد کیا گیا۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے قومی راجدھانی میں مہاتما گاندھی کی سمادھی پر گلدائرہ نذر کیا۔

نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ ، وزیر اعظم نریندر مودی اور اپوزیشن رہنما راہل گاندھی نے بھی اِس موقع پر مہاتما گاندھی کی یادگار پر گلہائے عقیدت نذر کیے۔ مرکزی وزراء راج ناتھ سنگھ، منوہر لال کھٹر ، فوج کی تینوں شاخوں کے سربراہان اور چیف آف ڈیفنس اسٹاف بھی اِس موقع پر موجود تھے۔ ہر سال 30 جنوری کو ملک میں، مہاتما گاندھی کی زندگی اور اقدار کو اعزاز پیش کیا جاتا ہے، جو بھارت کی جدوجہدِ آزادی کی رہنمائی کیلئے ایک روشن مشعل تھے۔ یہ دن شہیدوں کے دن ''شہیدی دِوس'' کے طور پر بھی منایا جاتاہے۔x

**MAHA-MARTYRS DAY**

مہاراشٹر کے گورنر سی پی رادھاکرشنن، مہاتما گاندھی کی برسی کے موقع پر آج جنوبی ممبئی میں، اُن کی یادگار '' مَنی بھون'' گئے۔ گورنر موصوف نے مہاتما گاندھی کے مجسّے پر گلہائے عقیدت نذر کئے اور دعائیہ جلسے میں شرکت کی۔ اِس موقع پر انہوں نے سبھی سے اپیل کی کہ وہ ذات پات اور مذہب کی تفریق سے بالاتر ہوجائیں۔ انہوں نے بچوں سے کہا کہ وہ سچ، عدم تشدد اور کفایت کی ، مہاتما گاندھی کی اقدار پر عمل کریں۔ ممبئی میں مَنی بھون میں ، 1917 سے 1934 کے درمیان گاندھی جی رہائش پذیر رہے تھے۔ مہاتما گاندھی نے اسی مدت کے دوران ، اسی جگہ سے 1919 میں ستیہ گرہ اور 1932 میں سِول نافرمانی کی تحریک شروع کی تھی۔ x

**PUDUCHERRY-MARTYRS DAY**

پڈوچیری سرکار نے مہاتما گاندھی کو ، اُن کی برسی پر آج Beach روڈ پر واقع ، اُن کے مجسّے پر خراجِ عقیدت پیش

کیا۔ لیفٹیننٹ گورنر کے۔ کیلاش ناتھن اور وزیر اعلیٰ این رنگاسامی نے مہاتما گاندھی کے مجسمے پر ہار پہنانے اور انہیں گلہائے عقیدت نذر کرنے میں عوام کی قیادت کی۔ پڈوچیری کے قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر آر سِلوَم، کئی وزیر اور قانون ساز اسمبلی کے ارکان بھی اس موقع پر موجود تھے۔ x

**MAHAKUMBH-SECURITY**

اترپردیش حکومت نے پریاگ راج میں جاری مہاکنبھ کے میلے کے حصے میں گاڑیوں کے آنے جانے پر پابندی میں 4 فروری تک توسیع کردی ہے۔ عقیدت مندوں کی سلامتی، بھیڑ بھاڑ سے نمٹنے اور ٹریفک کے انتظام کو یقینی بنانے کیلئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے پریاگ راج کے ٹریفک پولیس کے ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ انشمن مشرا نے کہا کہ میلے کے حصے میں صرف لازمی خدمات سے متعلق گاڑیوں کو ہی آنے کی اجازت ہوگی۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ کل سنگم گھاٹ پر واقعہ کے بعد، جس میں 30 عقیدت مندوں کی جان چلی گئی تھی، ریاستی حکومت نے عقیدت مندوں کی سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے مختلف اقدامات کئے ہیں۔ اترپردیش کے چیف سکریٹری منوج کمار سنگھ اور پولیس کے ڈائریکٹر جنرل پرشانت کمار اس واقعے کی تحقیقات کیلئے پریاگ راج پہنچ گئے ہیں۔ وہ 3 فروری کو بسنت پنچمی پر ہونے والے آئندہ امرت اسنان کیلئے مہا کنبھ میں انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیں گے۔x

**MP-PANNA ACCIDENT**

آج مدھیہ پردیش کے پنّا ضلعے میں JK سیمنٹ فیکٹری پلانٹ میں زیرتعمیر سیلنگ سلیب گرجانے کے سبب دو افراد ہلاک اور کئی دیگر زخمی ہوگئے۔ سرکاری اطلاعات کے مطابق زخمی افراد کو اسپتال بھیج دیا گیا ہے۔ پولیس اور انتظامیہ کی ٹیمیں ملبے میں پھنسے ورکروں کو بچانے کیلئے کارروائی کررہی ہیں۔x

**VAISHNAV-AI**

الیکٹرانکس اور آئی ٹی کے وزیر اشونی ویشنو نے آج کہا ہے کہ بھارت ، آئندہ مہینوں میں مصنوعی ذہانت AI کا اپنا ایک بنیادی ماڈل تیار کرے گا۔ نئی دلّی میں آج نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے، جناب ویشنو نے کہا کہ بھارت کا یہ بنیادی ماڈل ، دنیا کے بہترین ماڈل سے مقابلے کا اہل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا اپنا یہ AI ماڈل تیار کرنے کیلئے تجاویز طلب کی گئی ہیں۔ x

**US-PLANE**

امریکہ میں 64 مسافروں کو لے جاتا ہوا ایک طیارہ ، امریکہ کے فوجی Black Hawk ہیلی کاپٹر سے ، فضاء میں ہی ٹکرا گیا۔ مقامی خبروں کے مطابق ، اِن میں سے 18 افراد کی لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں۔ یہ حادثہ واشنگٹن ڈی سی کے باہر ، ریگن قومی ہوائی اڈے کے قریب پیش آیا۔ وفاقی ہوا بازی انتظامیہ اور دفاعی افسران نے بتایا کہ یہ طیارہ، رَن وے پہنچ رہا تھا کہ یہ حادثہ رونما ہوگیا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ انہیں اِس حادثے کے بارے میں جانکاری دی گئی ہے اور وہ صورتحال پر قریبی نظر رکھ رہے ہیں۔ Potomac دریا میں بڑے پیمانے پر ایمرجنسی کارروائی کی جارہی ہے، جہاں یہ مسافر بردار طیارہ اور ہیلی کاپٹر ایک دوسرے سے ٹکرائے تھے۔ وفاقی ہوا بازی انتظامیہ نے بتایا ہے کہ یہ حادثہ مقامی وقت کے مطابق بدھ کو تقریباً 9 بجے پیش آیا۔ یہ طیارہ Kansas سے واشنگٹن ڈی سی جارہا تھا، جس میں 60 مسافروں کے علاوہ، عملے کے چار ارکان سوار تھے، جبکہ ہیلی کاپٹر میں تین فوجی سوار تھے اور یہ ایک تربیتی پرواز پر تھا۔ x

**HOCKEY-HIL**

مردوں کی ہاکی انڈیا لیگ میں تمل ناڈو Dragons اور Soorma ہاکی کلب میں سیمی فائنل میں اپنی جگہ پکی کرلی ہے۔ تمل ناڈو Dragons کا کل پہلے سیمی فائنل میں شارچی راڑھ بنگال ٹائیگرس سے مقابلہ ہوگا۔ دوسرے سیمی فائنل میں Soorma ہاکی کلب کا مقابلہ حیدرآباد طوفان سے ہوگا۔×

**CEHSS-TATA STEEL**

شطرنج میں بھارت کے ڈوما راجو گوکیش نے نیدرلینڈس میں ٹاٹا اسٹیل شطرنج ٹورنامنٹ میں اپنی بہترین کارکردگی کا سلسلہ جاری رکھا۔ انہوں نے کل رات ماسٹرس زُمرے میں نیدرلینڈس کے گرینڈ ماسٹر Max Warmerdam کو دسویں راؤنڈ میں ہراکر اپنی سبقت برقرار رکھی ہے۔×

**SL-LG ELECTIONS**

سری لنکا میں مقامی اداروں کے انتخابات اپریل میں ہوں گے۔ کابینہ کے ترجمان ڈاکٹر Nalinda Jayatissa نے کل نامہ نگاروں کو بتایا کہ انتخابات کی تاریخوں کا اعلان جلد کیا جائے گا۔ اصل اپوزیشن پارٹیوں، یونائیٹڈ نیشنل پارٹی UNP اور Samagi Jana Balawegaya (SJB) نے آئندہ انتخابات ایک متحدہ محاذ کے طور پر لڑنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مقامی حکومتی اداروں کے انتخابات مارچ 2022 سے ہونے تھے، جس کے تحت 340 مقامی کاؤنسل میں 8 ہزار 700 سے زیادہ نشستوں پر ممبران منتخب کئے جانے ہیں۔×

**AUSTRALIA-BUSHFIRE**

جنوب ایشیائی آسٹریلیا میں حکام نے ، آبادیوں کو حکم دیا ہے کہ وہ مغربی میلبرن میں جنگلاتی آگ کی وجہ سے اپنے علاقوں کو خالی کردیں کیونکہ یہ آگ لگاتار پھیل رہی ہے۔ وکٹوریا کی ایمرجنسی خدمات نے آج Grampians نیشنل پارک کے جنوب مغربی کنارے کے قریب چار چھوٹے قصبوں کے باشندوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اِس بے قابو آگ کے خطرے سے بچنے کیلئے فوری طور پر اُس علاقے سے چلے جائیں۔ یہ آگ پیر کو بغیر بارش کے بجلی گرنے سے لگی تھی۔x

**ISRAEL HAMAS EXCHANGE**

اسرائیل اور حماس کے درمیان غزہ جنگ کے سبب جاری کشیدگی کو کم کرنے کے مقصد سے جنگ بندی معاہدے کے ایک حصے کے تحت یرغمال بنائے گئے افراد اور قیدیوں کو آج تیسرے مرحلے کے تحت ایک دوسرے کے حوالے کیا جائے گا۔ تین اسرائیلی یرغمالوں سمیت جن کی شناخت وزیراعظم نیتن یاہو کے دفتر نے کی ہے، تھائی لینڈ کے پانچ باشندوں کو غزہ سے رہا کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں چوتھا تبادلہ آئندہ ہفتہ ختم کیا جائے گا۔ یہ جنگ بندی معاہدہ، اس ماہ کی 19 تاریخ کو نافذ ہوا تھا، جس کے تحت 7 اکتوبر 2023 کو حماس کے حملے کے دوران یرغمال بنائے گئے اسرائیلیوں کو رہا کئے جانے پر اتفاق ہوا تھا۔ اس کے بدلے اسرائیل نے ایک ہزار 900 افراد کی رہائی پر رضامندی ظاہر کی تھی، جن میں زیادہ تر فلسطینی ہیں، جو اس کی قید میں ہیں۔x

**BADMINTON**

تھائی لینڈ ماسٹرس بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں کل رات بینکاک میں بھارت کے کدامبی سری کانت، مردوں کے سنگلز کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے۔ انہوں نے اسرائیل کے کھلاڑی Danil Dubovenko کو اکیس-تیرہ، اکیس- اٹھارہ سے ہرایا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆